وعظ پر میرے مولی کي فصاحة ناز کرتي هے
هر ایك جملة پہ مولی کے جزالة ناز کرتي هے

عجب تائید کا سریان هے سرعة سے یهاں دیکهو
یه الهامي کلامو پر بلاغة ناز کرتي هے

ملبب فیض اور لطفِ امامي سے یہ آقا کے
بیاں پر اور ادائي پر وضاحة ناز کرتي هے

خدا نے دي هے کیا بخشش لسانِ حق کي مولی کو
رُطب کا شیرا جهرتا هے حلاوة ناز کرتي هے

معاني غالیة کي اور اسرار الهیة
کي توجیهِ مفسر پر سلاسة ناز کرتي هے

ملي ابناءِ دعوة کو یہ نعمة ذات داعي کي
یه قسمة پر محبو کي جماعة ناز کرتي هے

کتف پر یہ اُٹهاتے هے ثقل مؤمن کي کئي شاں سے
میرے مولی په روحاني یہ طاقة ناز کرتي هے

امامي هاته هے پشت پر عجب هے مطمئنة نفس
برهان الدین مولی پہ نیابة ناز کرتي هے

شریعة پر چلاتے ھے سکھامن دے کر مؤمن کو
بس اِن پر آفریں کہ کر ھدایة ناز کرتي ھے

کہے شیریں بقاء ھو طول مولی کي قیامة تك
کے جنکے عصر میمون پر سعادة ناز کرتي ھے